# نیویارک سٹی سند ولادت کی درخواست کے لیے پریمیم میل سروس

یہ فارم صرف نیویارک سٹی کے پیدائشی سرٹیفکیٹ کی بذریعہ پریمیم میل سروس درخواست کرنے کے لیے استعمال کریں۔ پروسیسنگ کے موجودہ اوقات، آرڈر کی صورتحال اور اضافی معلومات nyc.gov/vitalrecords پر ملاحظہ کریں۔

(براہ کرم واضح لکھیں اور صرف انگریزی میں پُر کریں۔ اس فارم کے ترجمے صرف حوالہ کے لیے آن لائن دستیاب ہیں۔)

## NYC پیدائشی سرٹیفکیٹ کے لیے کون درخواست دے سکتا ہے؟

- پیدائشی سرٹیفکیٹ کی درخواست دینے کے لیے، آپ کا وہ شخص ہونا ضروری ہے جس کا نام سرٹیفکیٹ پر موجود ہو نیز آپ کی عمر کم از کم 18 سال ہونی چاہیے یا پھر آپ کو اس شخص کا والد/والدہ یا قانونی سرپرست ہونا چاہیے جس کا نام سرٹیفکیٹ پر درج ہے۔
- سرٹیفکیٹ پر جس شخص کا نام موجود ہے اس کی پیدائش NYC کے پانچ بوروز میں سے کسی ایک میں ہونی چاہیے (Bronx, Brooklyn, Manhattan, Queens, Staten Island)۔
- اگر آپ ایک اٹارنی ہیں اور کسی کلائنٹ کی جانب سے درخواست جمع کروا رہے ہیں، تو اس فارم کا استعمال نہ کریں۔ اس کے بجائے، NYC) Attorney Protocol for NYC Birth Certificates پیدائش کے سرٹیفکیٹس کے لیے اٹارنی پروٹوکول) فارم استعمال کریں جو on.nyc.gov/birth-certificate-attorney پر دستیاب ہے۔

## میں نیویارک سٹی کے پیدائشی سرٹیفکیٹ کی درخواست کیسے کروں؟

- **مرحلہ 1:** صفحہ 3 پر جائیں اور حصہ ایک اور دو میں موجود تمام مطلوبہ معلومات کو مکمل کریں۔ معلومات کو خالی چھوڑنے سے آپ کی درخواست کو مکمل کرنے میں تاخیر ہو گی۔
- **مرحلہ 2:** حصہ تین میں پیدائشی سرٹیفکیٹ کی درخواست کرنے کی اپنی وجہ منتخب کریں۔ آپ کی منتخب کردہ وجہ اس بات کا تعین کرے گی کہ آیا آپ کو شارٹ فارم پیدائش کا سرٹیفکیٹ ملے گا یا پھر لانگ فارم پیدائش کا سرٹیفکیٹ دیا جائے گا۔ زیادہ تر لوگوں کو شارٹ فارم پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی ضرورت ہوتی ہے، جسے امریکہ میں گھریلو مقاصد کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے، جیسے کہ ڈرائیونگ لائسنس یا امریکی پاسپورٹ کا حصول۔
  - اگر آپ پیدائشی سرٹیفکیٹ کی درخواست کر رہے ہیں اور آپ کو اپوسٹل (تصدیق کا سرٹیفکیٹ) کی ضرورت ہے تو منتخب کریں کہ آپ کو ایک لانگ فارم پیدائش کا سرٹیفکیٹ چاہیے ہے۔ آپ کو ایک لانگ فارم پیدائش کا سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے گا اور اس کے ساتھ ایک لیٹر آف ایگزمپلیفیکیشن بھی جاری کیا جائے گا، جسے آپ کو آفس آف دی کاؤنٹی کلرک سے نوٹرائز کروانا ہو گا۔ اس کے بعد آپ اپوسٹل حاصل کرنے کے لیے لانگ فارم پیدائش کا سرٹیفکیٹ اور لیٹر آف ایگزمپلیفیکیشن استعمال کر سکتے ہیں۔ اپوسٹل نیویارک اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ آف اسٹیٹ کی طرف سے جاری کیا جاتا ہے۔
- **مرحلہ 3:** صفحہ 5 کو نوٹرائز کروائیں۔ فارم پر دستخط کرنا اور تاریخ درج کرنا یقینی بنائیں۔
- **مرحلہ 4:** آپ کو اپنی موجودہ (میعاد ختم نہ ہوئی ہو) اور دستخط شدہ تصویری شناخت (ID) کی ایک کاپی جمع کروانی ہو گی جو آسانی سے پڑھی جا سکے۔ آپ کی شناخت کی فوٹو کاپی واضح ہونی چاہیے۔ قابل قبول ID کی اقسام کے لیے صفحہ 2 دیکھیں اور یہ کہ اگر آپ کے پاس موجودہ تصویری ID نہیں ہے، تو آپ کیا جمع کروا سکتے ہیں۔

## فیسیں اور ڈاک کے ذریعے بھیجنے کی ہدایات

- نیو یارک سٹی محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت درخواست کردہ ہر پیدائشی سرٹیفکیٹ کے لیے $15 چارج کرتا ہے۔ زیادہ سے زیادہ تین کاپیوں کا آرڈر کیا جا سکتا ہے۔
- پریمیم میل سروس کی پروسیسنگ فیس $7.50 ہے
- اپنا چیک یا منی آرڈر ذیل کے نام قابل ادائیگی یقینی بنائیں: **NYC Department of Health and Mental Hygiene**۔ کیش یا اسٹارٹر چیک قبول نہیں کیے جاتے۔ اگر آپ امریکہ کے باہر سے پیدائشی سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست دے رہے ہیں تو امریکی بینک کی طرف سے امریکی ڈالرز میں جاری کردہ بین الاقوامی منی آرڈر درکار ہو گا۔
- اپنی مکمل اور نوٹرائزڈ درخواست، اپنی موجودہ تصویری شناخت کی کاپی اور ادائیگی (چیک یا منی آرڈر) صفحہ 5 پر موجود پتے پر ارسال کریں۔
- پیدائش کے سرٹیفکیٹ ان پتوں پر نہیں بھیجے جا سکتے جن پر "in care of" (معرفت) کا پتہ درج کیا گیا ہو۔
- **آن لائن آرڈر کریں:** درخواست کی تیز رفتار کارروائی کے لیے vitalchek.com پر جائیں۔ کاروباری دنوں میں آن لائن آرڈرز پر 72 گھنٹے میں کارروائی ہو جاتی ہے اور UPS ایکسپریس میل ڈیلیوری دستیاب ہے۔ صرف وہ فرد یا والد/والدہ آن لائن آرڈر کر سکتے ہیں جن کا نام پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر درج ہے۔

| ٹیبل 1. ID کے تقاضے | |
|---|---|
| **زمرہ 1: شناختی دستاویزات**<br>درج ذیل شناختی دستاویزات میں سے **ایک** فراہم کریں۔ دستاویز میں آپ کی تصویر اور دستخط شامل ہونے چاہئیں اور اس کی میعاد ختم نہ ہوئی ہو۔ | |
| ڈرائیور کا لائسنس یا نان ڈرائیور ID کارڈ | موجودہ ٹرانسکرپٹ کے ساتھ یونیورسٹی یا کالج ID |
| نیو یارک اسٹیٹ بینیفٹ کارڈ | موجودہ رہائی کے کاغذات کے ساتھ قیدی کی ID |
| دستخط کے ساتھ امریکی یا غیر ملکی پاسپورٹ | موجودہ پے اسٹب کے ساتھ ملازمت کی ID |
| IDNYC میونسپل ID | NYC Access-A-Ride کارڈ |
| نیچرلائزیشن کا امریکی سرٹیفکیٹ (اصل ہونا چاہیے) | NYC MTA Reduced-Fare MetroCard |
| فوجی شناختی کارڈ (اس شخص کے لیے ہونا چاہیے جس کے پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی درخواست کی جا رہی ہے) | |

| ٹیبل 2. پتے کے ثبوت کے تقاضے | |
|---|---|
| **زمرہ 2: پتے کے ثبوت کی دستاویزات**<br>اگر آپ کے پاس زمرہ 1 کی کوئی بھی دستاویز نہیں ہے تو درج ذیل میں سے پتے کے ثبوت کی کوئی **دو** دستاویزات فراہم کریں۔ دستاویزات پر گزشتہ 60 دنوں کے اندر کی تاریخ ہونی چاہیے اور آپ کا نام اور پتہ ظاہر ہونا چاہیے۔<br>مثال کے طور پر، آپ گزشتہ 60 دنوں میں سے ایک فون بل اور گزشتہ 60 دنوں سے کسی سرکاری ایجنسی کا ایک خط جمع کروا سکتے ہیں۔ متبادل طور پر، آپ فون کے دو بل جمع کروا سکتے ہیں جب تک کہ وہ دونوں پچھلے 60 دنوں کے اندر کے ہوں۔ آپ کا پیدائش کا سرٹیفکیٹ فراہم کردہ دستاویزات پر موجود پتہ پر میل کیا جائے گا۔ | |
| یوٹیلٹی بل | آپ کو مخاطب کی گئی حکومت کی سرکاری میل |
| ٹیلی فون کا بل | کرایہ کی رسید (مورگیج یا لیز لیٹر) |
| میڈیکل بل | |

اگر آپ ٹیبل 1 یا 2 میں دی گئی کوئی بھی دستاویزات فراہم نہیں کر سکتے، تو **311** پر کال کریں یا nycdohvr@health.nyc.gov پر ای میل کریں۔ اگر NYC کے باہر سے کال کر رہے ہیں، تو 212-639-9675 پر کال کریں۔

## سیکشن ایک: آپ کا نام کیا ہے؟

**آپ کی عمر کم از کم 18 سال ہونی چاہیے۔ براہ کرم واضح لکھیں اور صرف سیاہ روشنائی استعمال کریں۔ وہ نام استعمال کریں جو فی الحال آپ کی ID پر نمودار ہوتا ہے۔ نیچے دیے گئے تمام خانے لازمی ہیں۔ پیدائش کے سرٹیفکیٹ ان پتوں پر نہیں بھیجے جا سکتے جن پر "in care of" (معرفت) کا پتہ درج کیا گیا ہو۔**

| پہلا نام | درمیانی نام | آخری نام |
|---|---|---|
| | | |

| ڈاک کا پتہ | اپارٹمنٹ نمبر |
|---|---|
| | |

| سٹی | اسٹیٹ | زپ کوڈ |
|---|---|---|
| | | |

| بنیادی فون نمبر | متبادل فون نمبر (اگر قابل اطلاق ہو) |
|---|---|
| | |

| ای میل پتہ |
|---|
| |

اس شخص سے رشتہ جس کا نام پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر درج ہے:

☐ میں خود اپنے پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی درخواست کر رہا/رہی ہوں۔

☐ میں اس شخص کی والدہ/پیرنٹ ہوں جس کا نام پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر درج ہے۔

☐ میں اس شخص کا والد/پیرنٹ ہوں جس کا نام پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر درج ہے۔

## سیکشن دو: پیدائشی سرٹیفیکیٹ کی معلومات

**اس حصہ میں، بالکل اسی طرح سے نام لکھیں جیسے اس وقت ان کے نام اس پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر درج ہیں جس کی آپ درخواست کر رہے ہیں۔**

پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر درج نام جس طرح یہ **فی الحال** نمودار ہوتا ہے:

| پہلا نام | درمیانی نام | آخری نام |
|---|---|---|
| | | |

پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر درج تاریخ پیدائش (سال/دن/مہینہ):

اگر آپ کو صحیح تاریخ پیدائش معلوم نہیں ہے تو تلاش کرنے کی رینج (سال/دن/مہینہ) کو پُر کریں (تلاش کی فیسوں کے بارے میں معلومات کے لیے صفحہ 5 دیکھیں):

تاریخ آغاز: 　　　　　　　　تاریخ اختتام:

پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر درج شدہ جنس: ☐ مرد ☐ عورت ☐ X*

*X وہ صنف ہے جو بالخصوص نہ مرد ہے نہ عورت (نان بائنری صنفی شناخت)۔

بورو جہاں پیدائش ہوئی (اگر معلوم نہ ہو تو خالی چھوڑ دیں):

☐ Staten Island ☐ Queens ☐ Manhattan ☐ Brooklyn ☐ Bronx

**پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر والدہ/پیرنٹ کا شادی سے پہلے کا نام:**

| پہلا نام | شادی سے پہلے کا آخری نام |
|---|---|
| | |

**پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر والد/پیرنٹ کا نام:**

| پہلا نام | آخری نام |
|---|---|
| | |

**پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر جائے پیدائش (اگر معلوم نہ ہو تو خالی چھوڑ دیں):**

| ہسپتال کا نام، پیدائش کا مرکز یا اگر ولادت گھر پر ہوئی ہو تو اسٹریٹ کا پتہ، سٹی، ریاست، زپ کوڈ |
|---|
| |

## سیکشن تین: درخواست دینے کی وجہ

**نشان زد کریں کہ آپ پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی درخواست کیوں کر رہے ہیں اور آپ کتنی تعداد کی درخواست کر رہے ہیں۔**

پیدائش کے سرٹیفکیٹس دو طرح کے ہوتے ہیں۔ آپ ان میں سے کسی کی بھی درخواست کر سکتے ہیں۔ لاگت ایک ہی جیسی ہے۔

- **شارٹ فارم:** زیادہ تر لوگ شارٹ فارم پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی درخواست کرتے ہیں۔ اسے امریکہ میں زیادہ تر گھریلو مقاصد کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے، جیسے کہ ڈرائیونگ لائسنس یا امریکی پاسپورٹ حاصل کرنا۔ اس سرٹیفکیٹ میں سرٹیفکیٹ پر درج شخص کا پہلا اور آخری نام اور ان کی جائے پیدائش، تاریخ پیدائش، پیدائش کے وقت جنس، فائل کی تاریخ اور ماں/پیرنٹ اور والد/پیرنٹ کے پہلے اور آخری نام شامل ہوتے ہیں۔
- **لانگ فارم:** لانگ فارم پیدائش کے سرٹیفکیٹ میں وہی معلومات شامل ہوتی ہیں جو شارٹ فارم پیدائش کے سرٹیفکیٹ میں ہوتی ہیں، ساتھ ہی اضافی معلومات جیسے پیدائش کا وقت، ہسپتال کا نام اور والد/والدہ (والدین) کی جائے پیدائش ہوتی ہیں۔ یہ سرٹیفکیٹ عام طور پر بین الاقوامی مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، جیسے کہ دوہری شہریت، بین الاقوامی طور پر گود لینا، بین الاقوامی شادی اور اپوسٹل کا حصول۔

**مندرجہ ذیل ٹیبل میں، پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی درخواست دینے کی اپنی وجہ نشان زد کریں۔ آپ کی منتخب کردہ وجہ اس بات کا تعین کرے گی کہ آیا آپ کو شارٹ فارم سرٹیفکیٹ ملے گا یا پھر لانگ فارم سرٹیفکیٹ دیا جائے گا۔**

| آپ پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی درخواست کیوں دے رہے ہیں: | | | آپ کو جو موصول ہو گا: |
|---|---|---|---|
| ☐ امریکی پاسپورٹ یا سفر<br>☐ وراثت یا اسٹیٹ سیٹلمنٹ (صرف امریکہ)<br>☐ شادی (صرف امریکہ)<br>☐ قانونی مقاصد<br>☐ ڈرائیورز لائسنس | ☐ حکومتی امداد یا فوائد<br>☐ ملازمت<br>☐ اسکول یا کھیل<br>☐ بیمہ، پنشن یا ریٹائرمنٹ<br>☐ سوشل سیکیورٹی یا فوائد | ☐ انکم ٹیکس<br>☐ گود لینا (صرف امریکہ)<br>☐ ذاتی ریکارڈز یا استعمال<br>☐ دیگر | ← شارٹ فارم پیدائش کا سرٹیفکیٹ |
| ☐ اپوسٹل<br>☐ دوہری شہریت یا امیگریشن<br>☐ گود لینا (صرف بین الاقوامی) | ☐ شادی (صرف بین الاقوامی)<br>☐ پیدائش کا وقت<br>☐ بین الاقوامی استعمال یا بیرون ملک استعمال<br>☐ بین الاقوامی وراثت یا اسٹیٹ سیٹلمنٹ | ☐ دیگر | ← لانگ فارم پیدائش کا سرٹیفکیٹ |

آپ کو کتنے پیدائش کے سرٹیفکیٹس کی ضرورت ہو گی (زیادہ سے زیادہ تین)؟ ☐ ایک ☐ دو ☐ تین

## سیکشن چار: نوٹری سے اپنی درخواست کی تصدیق کرائیں

**اس درخواست کو نوٹرائز کرنا ضروری ہے۔ آپ کو صرف اس صفحہ کو نوٹرائز کروانا ہو گا۔ آپ کو اس درخواست کے ساتھ اپنی موجودہ ID کی ایک کاپی جمع کروانی ہو گی۔ ID کی قبول کی جانے والی اقسام کے لیے صفحہ 2 پر ٹیبل 1 دیکھیں۔**

| SIGNATURE OF APPLICANT (درخواست دہندہ کے دستخط) | DATE (MONTH/DAY/YEAR) تاریخ پیدائش (سال/دن/مہینہ) |
| --- | --- |
| | __ __ / __ __ / __ __ __ __ |

**To be completed by notary (نوٹری کو مکمل کرنا چاہیے)۔**

State of __________________________________

County of ________________________________

Subscribed and sworn before me:

this __________ day of __________, 20__________

__________________________________________
Notary Public Signature

**Notary Public Seal**

**پیدائش کے سرٹیفیکیٹ کی نقل صرف پیدائش کے ریکارڈ کا مالک کو جاری کی جا سکتی ہے، بشرطیکہ وہ عمر کے تقاضے پر پورا اترتا ہو، بصورت دیگر اس کا اجراء والد/والدہ کو کیا جائے گا۔ اس درخواست میں کوئی غلط، جھوٹا یا گمراہ کُن بیان دینا یا کسی اور شخص کے دستخط کرنا قانون کی خلاف ورزی کے زمرے میں آتا ہے۔ خلاف ورزیاں جرم کے زمرے میں آتی ہیں اور ان کی سزا 2,000$ تک کا جرمانہ ہو سکتی ہے۔**

---

## فیسیں اور درخواست جمع کرانے کا طریقہ

پیدائش کے ہر سرٹیفیکیٹ کی لاگت 15$ ہے۔ آپ زیادہ سے زیادہ تین پیدائش کے سرٹیفیکیٹس کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اگر پیدائش کی صحیح تاریخ معلوم نہیں ہے اور اس کے بجائے ایک رینج استعمال کی جاتی ہے تو دو کے بعد تلاش کیے جانے والے ہر مسلسل سال کے لیے اضافی تلاش کی 3$ کی فیس ہے۔

**ہم صرف چیک یا منی آرڈر قبول کرتے ہیں۔ کیش یا اسٹارٹر چیک قبول نہیں کیے جاتے۔**

**درج ذیل کرنا یقینی بنائیں:**

- درخواست کا حصہ ایک، دو، تین اور چار مکمل کریں۔
- حصہ چار کو نوٹرائز کروائیں۔
- اپنے موجودہ دستخط شدہ فوٹو ID کی فوٹو کاپی، یا پتے کا ثبوت جمع کروائیں (ٹیبلز 1 اور 2 دیکھیں)۔
- چیک یا منی آرڈر کے ذریعے ادائیگی جمع کروائیں۔

| اپنی درخواست کی لاگت معلوم کریں | |
| --- | --- |
| درخواست کردہ پیدائش کے سرٹیفیکیٹس کی تعداد (زیادہ سے زیادہ تین): | _______________ |
| ہر پیدائش کے سرٹیفیکیٹ کے لیے 15$ سے ضرب ذیل کے مساوی ہے: | $_______________ |
| جمع، دو کے بعد تلاش کیے گئے ہر اضافی سال کے لیے 3$ کی تلاش کی فیس × ____ سال: | $_______________ |
| جمع پریمیم میل سروس کی پروسیسنگ فیس: | $7.50 |
| **کُل ملفوف رقم (مذکورہ بالا ڈالر کی رقوم کا میزان):** | **$_______________** |

**اس پتے پر میل کریں:**
NYC Department of Health and Mental Hygiene
**Attention: Premium BC Request**
125 Worth St., Room 119, CN-4
New York, NY 10013

اس درخواست میں مدد کے لیے، **311** پر کال کریں یا nycdohvr@health.nyc.gov پر ای میل کریں۔ اگر NYC کے باہر سے کال کر رہے ہیں، تو 212-639-9675 پر کال کریں۔